## افضاءالطاف کی دسویں سالگرہ سادگی سے منائی گئی
## ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر سالگرہ کی تقریب منعقد ہوئی
## قائدتحریک الطاف حسین کی بڑی ہمشیرہ محترمہ سائرہ خاتون نے سالگرہ کا کیک کاٹا

کراچی۔۔۔ 5مارچ2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی صاحبزادی افضاءالطاف کی دسویں سالگرہ سادگی سے منائی گئی،اس سلسلے میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیروعزیز آباد میں سالگرہ کی تقریب منعقد ہوئی جس میں جناب الطاف حسین کی ہمشیرہ محترمہ سائرہ بیگم سمیت دیگرعزیز واقارب اورایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان نے اپنے اہل خانہ کے ہمراہ شرکت کی۔تقریب میں بچے اوربچیوں کی بہت بڑی تعداد موجودتھی،سالگرہ کی تقریب میں شریک بچوں کوگفٹ بھی پیش کیے گئے جبکہ جناب الطاف حسین اوران کے بڑے بھائی اقبال حسین نے بھی ٹیلی فون کے ذریعہ تقریب میں شرکت کی۔افضاالطاف کی سالگرہ کے سلسلے میں محترمہ سائرہ بیگم نے کیک کاٹا تو فضائیں ہپی برتھ ڈے ٹو......افضاءاور مبارک سلامت کےنعروں سے گونج اٹھی۔اس موقع پرنائن زیرو پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔تقریب میں شریک بچوں اورخواتین نے افضاالطاف کی درازی عمراورصحت وعافیت کیلئے خصوصی دعائیں کیں اورسالگرہ کی مناسبت سے گیت گائے۔افضاءالطاف کی سالگرہ کے سلسلے میں جناب الطاف حسین کی رہائش گاہ اورنائن زیروکی گلی کو خوبصورت برقی قمقموں سے سجایا گیا تھا۔بعدازاں بچوں کیلئے میجک شواورورائٹی پروگرام بھی پیش کیا گیا۔ورائٹی پروگرام میں معروف گلوکارسلیم جاوید،غنی شاہ اورامبرانصار کے علاوہ معروف کامیڈین پرویز صدیقی،فیصل مقصود اور اسلام شاہ نے اپنےفن کا مظاہرہ کیا۔دریں اثناء کراچی کی طرح ملک کی دیگرشہروں میں بھی افضا الطاف کی سالگرہ کی تقریبات سادگی سے منائی گئی اوردسویں سالگرہ کی مناسبت سے کیک کاٹا گیا۔

## ایم کیوایم بلوچ عوام کے ساتھ ہےاوران کے خلاف ظلم وزیادتی اورناانصافیوں کے خلاف آوازِاحتجاج بلندکرتی رہے گی،یوسف شاہوانی
## ایم کیوایم ملک وقوم کوترقی وخوشحالی کی راہ پرگامزن کرے گی
## بی این پی کے رہنماءعبدالباقی بلوچ کی اپنے سینکڑوں ساتھیوں کے ہمراہ ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان
## کوئٹہ پریس کلب میں ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی بلوچستان کے انچارج اسلم بلوچ ودیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب

بلوچستان:۔۔۔5مارچ،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے کہا ہے کہ ایم کیوایم تمام مظلوموں بلوچ عوام کے ساتھ ہےاوران کے خلاف آپریشن اورظلم وزیادتی اورناانصافیوں کے خلاف آوازاحتجاج بلندکرتی رہے گی اگرایم کیوایم کواختیاردیاجائےتوایم کیوایم ملک بچاسکتی ہےاورملک کی تمام قومیتوں میں پائے جانے والےاحساس محرومی کا خاتمہ کرکے اور ملک وقوم کوترقی وخوشحالی کی راہ پرگامزن کرے گی۔یہ بات انہوں نے کوئٹہ پریس کلب میں ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی بلوچستان کے انچارج اسلم بلوچ جوائنٹ انچارج اشرف اورنگزئی اورایم کیوایم بلوچستان زون کے انچارج پیربخش سالانی واراکین زونل کمیٹی کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک بھرکےمظلوم عوام کے بنیادی حقوق کے حصول کی عملی جدوجہدکررہی ہےاوراس جدوجہد میں بلوچستان کے مظلوم عوام کے بنیادی حقوق کاحصول بھی شامل ہے۔ایم کیوایم یہ سمجھتی ہے کہ ارباب اختیار کی مسلسل غلط پالیسیوں اور بلوچ عوام کے حقوق کی آواز کو طاقت سے دبانے کی روش نے صوبہ بلوچستان کوعلیحدگی کے دھانے پرلاکھڑا کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین ملک کےارباب اختیارکوبارہا متنبہ کرچکے ہیں کہ بلوچستان کی صورتحال کی وجہ سے دوسرے ممالک کےایوانوں میں بلوچستان کی آزادی کی قراردایں پیش ہورہی ہیں جوملک بھرکےمحبّ وطن عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے،اب گول میزکانفرنس کاوقت گزرچکا ہےفوری طورپرایسےاقدامات کئے جائیں کہ بلوچستان کےمظلوم عوام کےاحساس محرومی دورہوسکےاورانکے مسائل کا فوری حل ہوسکے۔اس موقع پرانہوں نے ایم کیوایم کوئٹہ زون کے سابق جوائنٹ انچارج سعیدسلیم اختر ایڈووکیٹ اورمعززقبائلی رہنماوایم کیوایم کے کارکن حاجی نصیرکھوسہ کوایم کیوایم کی ''سینٹرل ایگزیکٹوکونسل'' میں شامل کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم مسئلہ بلوچستان سے کسی طرح بھی روگردانی نہیں کرسکتی اورایم کیوایم نے بلوچ بھائیوں سے اظہاریکجہتی اوران پرظلم وجبرکےخلاف اورناانصافیوں کے خلاف ایک ملین افرادکی ریلی نکالی اوراب مسئلہ بلوچستان کوموثراوربھرپورانداز میں پیش کرنے کیلئے اپناعملی کرداراداکرے گی۔انہوں نے ایم کیوایم کی ''سینٹرل ایگزیکٹوکونسل'' کے اعراض مقاصد کے بارے میں میڈیا کوآگاہی

فراہم کرتے ہوئے کہا کہ ''سینٹرل ایگزیکٹو کونسل''ایک اہم کونسل ہے جو ملکی و بین الاقوامی سطح پر تنظیم کی پالیسی سازی کے معاملات میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کو معاونت اور رائے مشورے فراہم کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ بلوچستان سے جن دونوں شخصیات کو ایم کیوایم کی سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے اراکین کی حیثیت سے شامل کیا گیا ہے وہ اپنی تمام صلاحیتیں مسئلہ بلوچستان کے حل اور بلوچستان کے عوام کی ترقی وخوشحالی کیلئے استعمال کریں گے۔آپ کو یہ بھی معلوم ہوگا کہ حقوق سے محرومی کا عمل علیحدگی پر منتج ہوتا ہے لہٰذا بلوچ عوام پر ظلم وزیادتی کا سلسلہ فی الفور بند ہونا چاہئے اور بلوچستان کے مسئلہ کا موثر اور ٹھوس حل وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکا ہے۔اس موقع پر بی این پی کے رہنماء رعبد الباقی بلوچ نے اپنے سینکڑوں ساتھیوں سمیت قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ اور حق پرستانہ جدوجہد سے متاثر ہوکر ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے کا اعلان بھی کیا ۔بعدازاں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے افراد کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد بھی پیش کی۔

## ملک میں خواتین کے ساتھ شرمناک واقعات معاشرے کی ابتری کی نشاندہی کررہے ہیں،انچارج واراکین شعبہ خواتین
## خودساختہ رسم ورواج کی بھینٹ چڑھا کر خواتین کو آئینی،قانونی،سماجی،اخلاقی اور معاشرتی حقوق سے محروم کرکے رکھ دیا گیا ہے
## مظفرگڑھ اور خیر پور میں خواتین کو سربازار رسوا کرنے اور تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعات پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔5،مارچ2012ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی انچارج واراکین نے مطالبہ کیا ہے کہ مظفرگڑھ اور خیر پور میں خواتین کو سرِ بازار رسوا کرنے اور وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعات کا نوٹس لیا جائے اور خواتین کے بنیادی حقوق کی پامالی میں ملوث افراد کے خلاف آئین وقانون کے تحت بلاتفریق سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک میں خواتین کے ساتھ شرمناک واقعات معاشرے کی ابتری کی نشاندہی کررہے ہیں اور معاشرے کی ان برائیوں میں جاگیردارانہ،وڈیرانہ اور سردارانہ نظام سب سے زیادہ حاوی ہے۔انہوں نے کہا کہ فرسودہ نظام کے باعث خواتین کو حقیر اور غلام سمجھا جاتا ہے اوران کے بنیادی حقوق بری طرح سے پامال کئے جارہے ہیں اور خودساختہ رسم و رواج کی بھینٹ چڑھا کر خواتین کو آئینی،قانونی،سماجی،اخلاقی اور معاشرتی حقوق سے محروم کردیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم خواتین کے خلاف خودساختہ قوانین کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور انشاءاللہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے درس وتعلیمات کے مطابق وہ دن ضرور آئیگا جب خواتین کو عزت واحترام دیا جائے گا اور ان کے تمام حقوق کو تحفظ حاصل ہوگا۔انہوں نے متاثرہ خواتین اوران کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور شرمناک سلوک کرنے والے عناصر کو معاشرہ پر دھبہ قرار دیا۔شعبہ خواتین کی انچارج واراکین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ مظفرگڑھ اور خیر پور میں خواتین کو رسوا اور تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرکے قرارواقعی سزادی جائے۔

## کرسچن مذہبی رہنماؤں کی رابطہ کمیٹی کی ڈپٹی کنوینر ونومنتخب حق پرست سینیٹر محترمہ نسرین جلیل سے ملاقات

کراچی۔۔۔5،مارچ2012ء

کرسچن مذہبی رہنما ایونجلسٹ روبنسن اصغر چیئرمین ڈاکٹر میریلن ہکی منسٹریٹر (USA) اور پاسٹر امجد فاروق چیئرمین فیتھ پریئر منسٹریز نے خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی ڈپٹی کنوینر ونومنتخب حق پرست سینیٹر محترمہ نسرین جلیل سے ملاقات کی اورانہیں دنیا کی تاریخ میں خواتین کے سب سے بڑے جلسہ عام کے انعقاد اور نومنتخب حق پرست سینیٹروں کی کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی۔اس موقع پر ایم کیوایم شعبہ اقلیتی امور کمیٹی کے اراکین پطرس یوسف اور منور جان بھی موجود تھے۔ملاقات میں کرسچن مذہبی رہنماؤں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں بسنے والی مذہبی اقلیتوں کے حقوق کی واحد ترجمان متحدہ قومی موومنٹ ہے اورایم کیوایم اقلیتوں کے مسائل کو ترجیحی بنیاد پر حل کرانے کیلئے ہمیشہ متحرک رہتی ہے۔محترمہ نسرین جلیل نے کرسچن مذہبی رہنماؤں کی نائن زیرو آمد کا خیر مقدم کیا اوران کے خیالات کو سراہا۔

## کے بزرگ کارکن رانا محمد بشیر کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔۔5مارچ2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے بزرگ کارکن رانا محمد بشیر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مرحوم تنظیم کے سینئر کارکن تھے اور مشکل وکڑے وقت میں بھی پارٹی کے لئے خدمات انجام دیتے رہے ان کی خدمات کو کسی صورت فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔

## ملتان زون کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ چک حسین آباد موضع راجہ پور اور تحصیل وضلع لودھراں میں
## خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے مفت میڈیکل کیمپ کا انعقاد
## ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز، پیرا میڈیکل اسٹاف و دیگر عملے نے مریضوں کو مفت طبی معائنہ کی سہولیات فراہم کیں

ملتان:۔۔۔5مارچ،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ ملتان زون کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ چک حسین آباد موضع راجہ پور اور تحصیل وضلع لودھراں میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے مفت میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جہاں ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز، پیرا میڈیکل اسٹاف و دیگر عملے نے مریضوں کو مفت طبی معائنے کی سہولیات فراہم کیں اور ہزاروں روپے مالیت پر مشتمل ادویات فراہم کیں۔ اس موقع پر ایم کیو ایم لودھراں ڈسٹرکٹ کے جوائنٹ انچارج سید شاکر علی وارا کین ڈسٹرکٹ کمیٹی، ایم کیو ایم ڈسٹرکٹ چک حسین آباد موضع راجہ پور، ایم کیو ایم شعبہ خواتین لودھراں ڈسٹرکٹ کی انچارج محترمہ صغرا وارا کین کمیٹی نے میڈیکل کیمپ پر مریضوں کی بھرپور معاونت کی۔ میڈیکل کیمپ پر سینکڑوں کی تعداد میں مریضوں نے استفادہ حاصل کیا۔ بعد ازاں میڈیکل کی طبی امداد سہولیات کی حاصل کرنے والے افراد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین سے تشکر کا اظہار کیا اور ان کی درازی عمر صحت و تندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کا سوگوار کارکنان سے تعزیت کا اظہار۔

کراچی۔۔۔۔5مارچ2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نیو کراچی سیکٹر، یونٹ A-140 کے یونٹ انچارج محمد فیصل قادری کے والد محمد شفیع اور فیڈرل بی ایریا سیکٹر، یونٹ 145 کے کارکن اسد حسین کی والدہ فاطمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے ایک تعزیتی بیان میں سوگوار لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

☆☆☆☆☆